© rasailojaraid.com



بسم الله الرحمٰن الرحیم

پاکستان

THE ISLAMIC REPUBLIC OF PAKISTAN

Ghulam Ishaq Khan

ISLAMABAD
178/2/PRESIDENT
09 Rajab 1412 A H
15 January 1992

Mrs Syed Muhammad Mateen Hashmi
House No 793-B, Block-C
Faisal Town
Lahore

Dear Mrs Syed Muhammad Mateen Hashmi,

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

I had sent a message of condolences on the sad demise of your illustrious husband, which I hope you would have received. I am writing these few lines to express, once again, my personal grief and profound sympathies.

The late Syed Muhammad Mateen Hashmi was an eminent religious scholar who had dedicated his life for the propagation of Islam. As a member of the Council of Islamic Ideology, he was held in high esteem for his views and recommendations for bringing existing laws into conformity with the Shariah.

May Allah rest the departed soul in peace, and grant you and other members of the bereaved family the strength to bear this irreparable loss with equanimity. Ameen!

Yours sincerely,

Ishaq

(Ghulam Ishaq Khan)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

PRIME MINISTER

محترمہ بیگم متین ہاشمی

السلام علیکم !

آپ کے شوہر نامدار کی وفات کا سن کر بے حد صدمہ ہوا ۔ اس رنج و غم کے موقع پر میری طرف سے دلی ہمدردی اور تعزیت کے جذبات قبول فرمائیے ۔

مولانا عبدالمتین ہاشمی مرحوم کی دینی اور علمی خدمات یقیناً ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی ۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور آپ کو اور آپ کے دیگر اہل خانہ کو صبرِ جمیل عطا کرے ۔ آمین

نواز شریف

محمد نواز شریف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وزیر اعلیٰ

محترم سید محمد بلال صاحب

السلام علیکم!

آپ کے والد محترم سید متین ہاشمی صاحب کی وفات حسرت آیات کی خبر سن کر مجھے انتہائی دکھ اور صدمہ ہوا ہے (اِنّا لِلّٰہ و اِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون)

محترم سید متین ہاشمی ایک عظیم سکالر، عالم دین اور علم دوست شخصیت تھے انہوں نے دیال سنگھ لائبریری کی تنظیم نو میں اہم کردار ادا کیا۔

میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

دعاگو

(غلام حیدر وائیں)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



[illegible]
52 61 28
52 64 23

Res : 67 57 18
68 77 78

**SPEAKER**
**PROVINCIAL ASSEMBLY OF SINDH**
**KARACHI**

Abdul Razique Khan

NO : PAS/PS-SPK/88-89/23/735 13th January, 1992.

Begum Moulana Abdul Mateen Hashmi,
793-B, Block 'C',
Faisal Town,
L A H O R E.

Begum Sahiba,

It extremely shocked me to hear the sad news of the demise of your illustrious husband, Moulana Abdul Mateen Hashmi, religious scholar and author.

I pray Almighty Allah to keep the departed soul in eternal peace and grant strength to you to bear this great and irreparable loss with fortitude. Ameen.

Yours sincerely,

A R Khan

( ABDUL RAZIQUE KHAN )

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**مولانا سید محمد عبدالمتین ہاشمی کی وفات پر وفاقی سیکرٹری وزارت مذہبی امور جناب محمد مظہر رفیع کا پیغام تعزیت**

۱۲ فروری ۱۹۹۲ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترمی ،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ ،

آپ کے والد محترم جناب مولانا سید محمد عبدالمتین ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات کی خبر دلی صدمے کا باعث بنی ۔

مولانا بلاشبہ عالم اسلام کی ایسی برگزیدہ شخصیت تھے جنہوں نے علم و فضل کی ایسی شمعیں روشن کیں جن کی روشنی سے دنیائے علم و ادب ہمیشہ منور رہے گی ۔ انہوں نے نئے تقاضوں کے تحت اپنی تحقیق انیق سے جن جن علمی موضوعات کو اجاگر کیا ہے ، نئی نسل کے لئے نہایت ہی مفید سرمایہ ہیں ۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالی ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور آپ کو اور دیگر پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ آمین ۔

شریک غم

(دستخط)

( مظہر رفیع )

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۶۸۹

# اکادمی ادبیاتِ پاکستان

## PAKISTAN ACADEMY OF LETTERS

(Established by the Ministry of Education, Government of Pakistan)

GHULAM RABBANI A. AGRO
Chairman

Tele :- 254638

Cable : "ACADEMY"

H-8/1, ISLAMABAD

Dated ۱۳/۱/جنوری ۱۹۹۲ء

محترم و مکرم
السّلامُ علیکم

مولانا سیّد متین ہاشمی کی وفات پر کس سے اظہار تعزیت کیا جائے اور کس طرح ؟
انّا للّٰہ وانّا الیہ راجعون ۔

آپ کے خاندان سے مرحوم سراج منیر کی وفات کے بعد یہ دوسرا صدمہ دیکھنا پڑا ۔ بیحد غم اور افسوس ہے ۔ دعا ہے کہ اللّٰہ تعالیٰ مرحوم ہاشمی صاحب کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور آپ اور دیگر لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

مخلص

(غلام ربانی آگرو)
چیئرمین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# اکادمی ادبیاتِ پاکستان

**PAKISTAN ACADEMY OF LETTERS**

(Established by the Ministry of Education, Government of Pakistan)

IFTIKHAR H. ARIF
DIRECTOR GENERAL

Tele : 855447
Cable : "ACADEMY"

H-8/1, ISLAMABAD

Dated: ۱۱ جنوری ۱۹۹۲ء

محترم و مکرم

السّلام علیکم

ممتاز عالم دین مولانا متین ہاشمی کی افسوسناک وفات حقیقی معنوں میں
علم و ادب کے لیے سانحہ ہے ۔ وہ عالم تھے ، ان سے بہت لوگ فیض یاب
ہوتے تھے ۔ ان کی کتابیں انکی علمیت کی مظہر ہیں ۔ ان کے نہ ہونے کا
خلاء مدتوں محسوس کیا جائے گا ۔ اللہ تعالی آپ کو اور دیگر لواحقین کو
صبر جمیل عطا فرمائے نیز مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے ، آمین ۔

مخلص

( افتخار عارف )
ناظم اعلی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فون: دفتر: ۸۲۳۴۲۷ ۲۱۳۹۳۸
گھر: ۸۵۱۳۳۶

ڈاکٹر جمیل جالبی
ذ-۸۸۸۳

صدر نشین

تاریخ: ۱۲- جنوری ۱۹۹۲ء

محترمی سہیل عمر صاحب، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

ابھی ابھی اخبار سے معلوم ہوا کہ مولانا متین ہاشمی صاحب اپنے معبودِ حقیقی سے جا ملے۔ اِنّا لِلّٰہ وَاِنّا اِلیہِ رَاجِعُون۔ ان کی وفات سے مجھے انتہائی رنج اور ملال ہوا اور میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں ان کی وفات پر آپ کو کن الفاظ میں پُرسہ دوں۔ مولانا ایک شفیق استاد اور ایک قابلِ افتخار عالم تھے جن کی نظر دین پر نہ صرف گہری تھی بلکہ وہ جدید دنیا کے فکری مسائل کو بھی خوب سمجھتے تھے۔ ان کی تقاریر میں نے ٹیلی وژن پر سُنی ہیں اور محسوس کیا ہے کہ وہ بات کی تہ تک پہنچ کر ایسے نئے نکات سامنے لاتے تھے کہ ان کی بات فوراً دل میں اُتر جاتی تھی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ انہیں فردوس بریں میں درجات بلند سے سرفراز کرے اور آپ کو، ان کی بیگم کو اور ان کی اولاد اور جُملہ پسماندگان کو حوصلہ اور ہمت سے نوازے اور صبر جمیل عطا کرے۔ آمین۔ میں آپ کے اور سارے خاندان کے غم میں سراسر کا شریک ہوں۔ سراج منیر مرحوم مجھے بہت عزیز تھے۔ خدا ان کے درجات بھی بلند تر کرے۔

آپ کا مخلص

جمیل جالبی

(ڈاکٹر جمیل جالبی)



© rasailojaraid.com